سو کر اٹھنے کی دعا

«الحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ»

" سب تعریف اسی اللہ کے لئے ہے جس نے ہم کو مارنے کے بعد زندہ کیا اور اسی کی طرف سب کو جانا ہے" (بخاری)

اگر درمیان رات میں نیند کھل جائے تو آسمان کی طرف نظر اٹھا کر آل عمران کی اخیر آیتیں "إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَوَاتِ" سے لے کر آخر تک پڑھنا چاہیے۔ یہی آنحضرت ﷺ کا معمول تھا۔(بخاری)

اور ساتھ ہی یہ دعا بھی پڑھنی چاہیے۔

«اللهُمَّ اجْعَلْ فِي قَلْبِي نُورًا، وَفِي سَمْعِي نُورًا، وَفِي بَصَرِي نُورًا، وَعَنْ يَمِينِي نُورًا، وَعَنْ شِمَالِي نُورًا، وَأَمَامِي نُورًا، وَخَلْفِي نُورًا، وَفَوْقِي نُورًا، وَتَحْتِي نُورًا، وَاَعْظِمْ لِي نُورًا يَوْمَ القِيَامَة»

" اے اللہ میرے دل میں نور پیدا کر دے اور میرے کان اور میری آنکھ میں نور ڈال دے۔ اور میرے دائیں اور بائیں طرف روشنی کر دے اور میرے سامنے اور میرے پیچھے اور میرے اوپر اور میرے نیچے روشنی کر دے اور قیامت کے دن میری روشنی بہت بڑی کر دے"۔ (احمد)